**28-09-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- تمل ناڈو کے **Karur** میں ایک بھگدڑ میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 39 ہو گئی ہے۔ ریاستی سرکار نے اس حادثے کی جانچ کے لیے رٹائر جج، جسٹس ارونا **Jagadeesan** کی قیادت میں ایک کمیشن قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام 'من کی بات' میں ملک و بیرونِ ملک کے عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت کے پڑوس میں ایک ایسا ملک ہے، جو عالمی دہشت گردی کا ایک مرکز ہے۔

4- روس نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی دعوے داری کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔

5- کولمبو میں، بھارت نے بنگلہ دیش کو چار-ایک سے ہرا کر 17 سال سے کم عمر کے ساتویں **SAFF** فٹ بال کا خطاب جیت لیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، آج شام دبئی میں ایشیاء کپ فائنل میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Rev.Karur Stampage**

تمل ناڈو کے **Karur** میں ایک سیاسی ریلی کے دوران بھگدڑ میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 39 ہو گئی ہے، جبکہ حادثے میں 50 سے زیادہ زخمی ہوئے لوگوں کو مختلف اسپتالوں میں علاج کے لیے داخل کرایا گیا ہے اور 23 سے زیادہ افراد **ICU** میں زیر علاج ہیں۔

تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم-کے اسٹالن نے کل بھگدڑ میں مرنے والے افراد کے کنبوں کے لیے 10-10 لاکھ روپے کی امدادی رقم دینے کا اعلان کیا ہے۔ **ICU** میں زیر علاج افراد کو ایک-ایک لاکھ روپے دیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے کل کے بھگدڑ کے اس واقعے کی انکوائری کے لیے

ہائی کورٹ کے رٹائر جج، جسٹس Aruna Jagadeesan کی قیادت میں ایک رکنی کمیشن قائم کرنے کا بھی اعلان کیا ہے۔

مرکز نے اس حادثے پر ریاستی سرکار سے ایک رپورٹ طلب کی ہے۔

اس ریلی کا اہتمام فلم اداکار سے سیاستداں بننے والے وِجے کی Tamilaga Vettri Kazhagam نے کیا تھا۔ اداکار وِجے نے اس حادثے پر گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے اور سوگوار کنبوں کے تئیں دلّی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بھگدڑ میں ہوئے جانی نقصان پر اپنے گہرے دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ مرمو نے سوگوار کنبوں کے افراد کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے بھی اس حادثے میں زخمی ہوئے افراد کی تیزی سے اور مکمل صحتیابی کی دعا کی ہے۔x

## PM Mann Ki baat

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 126 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ، اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## Jaishankar UNGA

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت کے پڑوس میں ایک ایسا ملک ہے، جو عالمی دہشت گردی کا ایک مرکز ہے اور بھارت نے آزادی کے بعد سے دہشت گردی کے اس چیلنج کا سامنا کیا ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کی عام بحث میں اپنے خطاب کے دوران ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اب کئی دہائیوں سے بین الاقوامی سطح پر کیے گئے بڑے دہشت گردانہ حملوں کے پیچھے صرف اُسی ایک ملک کا ہاتھ ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کی دہشت گردوں کی نامزد فہرستیں ہیں، جو اُسی ایک ملک کے شہریوں سے بھری پڑی ہیں۔ انہوں نے اس سال اپریل میں دہشت گردوں کے ہاتھوں پہلگام میں بے قصور سیاحوں کے مارے جانے کی مثال پیش کی۔

## S/B - Jaishankar

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت ہمیشہ اپنی پسند کی آزادی برقرار رکھے گا اور ہمیشہ عالمی جنوب کی ایک آواز بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اپنے عوام کے تحفظ کے تئیں پُر عزم ہے اور وہ ملک اور بیرونِ ملک میں اپنے مفادات کا تحفظ کرے گا۔ انہوں نے آتم نربھرتا یعنی خود کفالت،

آتم رکشا اور آتم وِشواس کے تین اہم نظریات کو اُجاگر کیا، جو کہ اس عصری دنیا میں بھارت کے نقطہئ نظر کی رہنمائی کرتے ہیں۔×

**EAM-UN**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل رات نیویارک میں اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس سے ملاقات کی۔

جناب جے شنکر اور سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس دونوں نے اقوام متحدہ کے 80 سال پورے ہونے، جغرافیائی سیاسی رجحانات، اہم موضوعات اور بھارت کے نقطہئ نظر پر تبادلہئ خیال کیا۔ وزیر خارجہ جے شنکر نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس کی صدر Annalena Baerbockسے بھی ملاقات کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے محترمہ Baerbock کو اُن کی صدارت کے لیے بھارت کی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے دوران وزیر خارجہ نے سعودی عرب کے اپنے ہم منصب فیصل بن فرحان کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔ دونوں نے باہمی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہئ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے الجیریا کے اپنے ہم منصب احمد Attaf سے بھی ملاقات کی اور دونوں نے بھارت-الجیریا شراکت داری کو مستحکم کرنے کے بارے میں تبادلہئ خیال کیا۔ اس کے علاوہ مشرقِ وسطیٰ کے بارے میں بھی بات چیت کی۔×

**Russia India UNSC Seat**

روس نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی دعوے داری کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 80 ویں اجلاس میں روس کے وزیر خارجہ سرگئی Lavrov نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاح کی ضرورت پر زور دیا تاکہ موجودہ عالمی منظرنامے کی عکاسی ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور برازیل کے ساتھ ایک مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی دعوے داری اور درخواست کی حمایت کرتا ہے، تاکہ سلامتی کونسل میں ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کی نمائندگی کو بڑھایا جا سکے۔

اس طرح روس اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کی حمایت کرنے والا واحد مستقل رکن بن گیا ہے۔

Lavrovنے زور دے کر کہا کہ 80 سال پہلے اقوام متحدہ کے قیام کے بعد سے موجودہ عالمی توازن اب کافی حد تک بدل چکا ہے، اس لیے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کو مزید فعال اور نمائندگی والا بنانے کے لیے اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں اپنے خطاب کے دوران Lavrov نے عالمی جنوب کی مشترکہ پوزیشن کو ایک شکل دینے میں SCO اور بِرکس جیسے فورموں کی اہمیت پر زور دیا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**GST Electronics and Automobiles**

وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے اعلان کردہ **GST Bachat Utsav** سے سماج کے ہر طبقے کو فائدہ ہو رہا ہے، اس مہینے کی 22 تاریخ سے جس کا آغاز ہوگیا ہے۔ اگلے دور کی GSTاصلاحات بھارت کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو آسان بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ان اصلاحات کے تحت مختلف اشیا اور خدمات پر ٹیکس کی شرح میں کمی سے شہریوں کو خاطر خواہ فائدہ ہوا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Saklen**

اگلے دور کی GST اصلاحات کے تحت حکومت نے مختلف شعبوں میں ٹیکس میں نمایاں کمی کرنے کا اعلان کیا تھا۔ GST 2.0 کے تحت ایئر کنڈیشنز، Dish Washerاور LCD اور LEDٹیلی ویژن کی بڑی اسکرین جیسی گھر میں روزانہ استعمال کی الیکٹرونک اشیا پر ٹیکس کی شرح میں کمی کرکے اسے 28 فیصد سے 18 فیصد کردیا گیاہے۔ اس اقدام کے تحت اِن اشیا کو صارفین کے لیے زیادہ سستا بنانے کی توقع ہے، ساتھ ہی بھارت کے الیکٹرونک کے شعبہ کو بھی فروغ ملے گا۔

نئے ٹیکس نظام میں دو پہیہ گاڑیوں اور چھوٹی کاروں پر بھی ٹیکس کی شرح میں کمی کی گئی ہے۔ 350 CC سے اوپر کی دو پہیہ گاڑیوں کو 28 فیصد کے زمرے سے نکال کر 18 فیصد میں شامل کیا گیا ہے۔

اس فیصلے سے گاڑیاں اور سستی ہوں گی، پہلی بار گاڑیاں خریدنے والوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور گھریلو استعمال کی مصنوعات کی خرید کو فروغ ملے گا۔

اس مہینے کی 21 تاریخ کو وزیراعظم نریندر مودی نے ملک سے اپنے خطاب میں شہریوں پر زور دیا تھا کہ وہ Swadesi مصنوعات خریدیں اور گھریلو صنعتوں، چھوٹے کاروباریوں، مقامی دستکاروں اور MSME کی حمایت کریں۔

نئی دلی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں محمد عمران

**Seva Parv**

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز 'سیوا پرو' کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت نے اٹل پینشن یوجنا کے ذریعے بھارت کی غیر منظم افرادی قوت کے لیے سماجی تحفظ کو مضبوط بنایا ہے۔

**Capsule**

نریندر مودی حکومت نے بھارت کی غیر منظم افرادی قوت کی ضرورت پر خصوصی توجہ دی ہے۔ غیر منظم افرادی قوت میں لمبی عمر کے خطرے اور ریٹائرمنٹ کے بعد کی سیکیورٹی میں کمی کے دوہرے چیلنج سے نمٹنے کے لیے مئی 2015 میں اٹل پینشن یوجنا کا آغاز کیا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اس بات کی نشاندہی کی کہ کس طرح یہ اسکیم Subscribers کا مستقبل بنے گی۔

**S/B PM Atal Pension**

اس اسکیم کو اس طرح تیار کیا گیا ہے جس سے بہتر پینشن فوائد کی پیش کش کے ذریعے ریٹائرمنٹ کے لیے رضاکارانہ طور پر پیسوں کی بچت کرنے کے لیے تحریک دی جائے اور اسے نوکری جوائن کرنے کی عمر اور تعاون کی گئی رقم سے جوڑا جاسکے۔

یہ اسکیم خصوصی طور پر غیر منظم شعبے کے غریب اور پسماندہ کارکنان کے لیے تیار کی گئی ہے۔ یہ اسکیم ملک میں تحفظ سے متعلق زیادہ شمولیت اور رسائی والے اقدامات کے طور پر ابھری ہے۔

اس سال کے اوائل میں اس پینشن اسکیم کے تحت آنے والے Subscribers کی تعداد 8 کروڑ کو پار کر گئی تھی اور 45 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کو بروئے کار لایا جا چکا ہے۔x

**Bhagat SIngh Anniversary**

ملک آج مجاہد آزادی بھگت سنگھ کو ان کے 118 ویں یوم پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے۔ آج کے دن 1907 میں بھگت سنگھ پنجاب کے لایال پور کے بنگہ گاؤں میں پیدا ہوئے تھے جو کہ اب پاکستان میں ہے۔

**V/C Rajesh Bali**

بھگت سنگھ کی پیدائش ایک انقلابی گھرانے میں ہوئی۔ وہ اپنے سات بہن بھائیوں میں ساتویں نمبر پر تھے۔ انھیں گھر میں پیار سے Bhaganwala بلایا جاتا تھا جس کا مطلب ہوتا ہے: ”خوش قسمت“۔ اور انھوں نے ملک کی آزادی میں اپنے نام کے اس مطلب کو ثابت کیا۔ آج ریاستی سطح کا ایک پروگرام ان کے گاؤں شہید بھگت سنگھ نگرکے Khatkar Klan میں منعقد ہوگا، جہاں قوم کے بہادر بیٹے کو خراجِ عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس موقع پر نصب کئے گئے 100 فٹ بلند قومی پرچم کو بھی پھیرا جائے گا۔

راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

**Vice President Bihar**

نائب صدر جمہوریہ سی-پی رادھا کرشنن آج بہار کے ایک روزہ دورے پر ہیں۔ پٹنہ پہنچنے کے بعد جناب رادھا کرشنن آج صبح پٹنہ میں جے پرکاش گولامبر میں لوک نائک جے پرکاش نارائن کو گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔ وہ پٹنہ میں ساہتیہ اکیڈمی کے ایک پروگرام Unmesh کے تیسرے اڈیشن کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ یہ ایشیا کی بڑی ادبی تقریبات میں سے ایک ہے، جہاں ملک اور بیرونِ ملک سے 600 سے زیادہ ادباء، فنکار اور تھیٹر کی معزز شخصیات 90 سے زیادہ زبانوں اور بولیوں کی نمائندگی کریں گی۔

نائب صدر جمہوریہ دوپہر کو مظفر پور کے کٹرا میں چامنڈا دیوی مندر میں پوجا ارچنا کریں گے۔
x

## Saff U17 Championship

کل کولمبو میں، بھارت نے بنگلہ دیش کو چار-ایک سے ہرا کر 17 سال سے کم عمر کے ساتویں SAFFفٹ بال کا خطاب جیت لیا ہے۔ بھارت نے پنالٹی شُوٹ آؤٹ میں بنگلہ دیش کو 4 گول سے ہرایا۔ بھارت نے Dallamuon Gangte اور Azlaan Shah کے گول کی مدد سے بنگلہ دیش پر ہاف ٹائم تک دو-ایک کی سبقت حاصل کر لی تھی، لیکن بنگلہ دیش نے آخری منٹ میں احسان حبیب Riduan کے گول کی بدولت دو - دو گول سے برابری حاصل کر لی تھی، جس پر میچ کا فیصلہ شُوٹ آؤٹ سے کرایا گیا۔ پنالٹی شُوٹ آؤٹ میں بھارت نے 4 گول اور بنگلہ دیش نے ایک گول کیا۔ یہ میچ ریس کورس انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔×

## Asia Cup Cricket

کرکٹ میں، آج دبئی میں ایشیاء کپ کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے شروع ہوگا۔ ایشیاء کپ کی تاریخ میں، گزشتہ 41 برسوں اور 17 ایڈیشنز میں ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان یہ پہلا خطابی مقابلہ ہوگا۔ بھارت آٹھ خطابات کے ساتھ اس مقابلے میں سب سے کامیاب ٹیم ہے اور وہ اپنی 2023 میں ایک روزہ بین الاقوامی ٹورنامنٹ کی جیت کے بعد موجودہ چیمپئن کے طور پر میدان میں اُترے گا۔ بھارتی ٹیم ایک دعوے دار کے طور پر فائنل میں پہنچی ہے۔ 11 فائنل میں سے 8 بار ایشیاء کپ ٹائٹل جیتنے والی بھارت کی ٹیم کا کافی دبدبہ ہے۔ پاکستان، بھارت کے خلاف پندرہ T-20 میں سے بارہ-T-20میچ ہار چکا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

## GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمران

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے اوڈیشہ کو 60 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا تحفہ دینے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے شہ سرخی بنائی ہے: وزیراعظم نریندر مودی نے اوڈیشہ میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھا۔

راشٹریہ سہارا نے اسے اپنی پہلی خبر بناتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ سودیشی 4 جی نیٹ ورک سمیت ٹیلی کمیونی کیشن، ریلویز، اعلیٰ تعلیم، صحت خدمات، ہنرمندی کے فروغ اور دیہی مکانات وغیرہ جیسے شعبوں کے لیے وزیراعظم نے اوڈیشہ کو 60 ہزار کروڑ روپے کی سوغات دی اور امرت بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

وہیں کچھ اہم اخبارات نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی بھارت کی جانب سے دہشت گردی کے موضوع پر پاکستان کی تنقید کئے جانے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب لکھتا ہے ”پاکستان دہشت گردی کو فروغ دیتا ہے، بھارت نے دکھایا آئینہ۔

روزنامہ پرتاپ نے دہلی کی وزیراعلیٰ کی جانب سے دہلی کی حد بندی کو منظوری دیے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ اس کے ذریعے دہلی دارالحکومت میں دو نئے ضلعوں کا اضافہ ہوگا۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- تمل ناڈو کے Karur میں ایک بھگدڑ میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 39 ہو گئی ہے۔ ریاستی سرکار نے اس حادثے کی جانچ کے لیے رٹائر جج، جسٹس ارونا Jagadeesan کی قیادت میں ایک کمیشن قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ’من کی بات‘ میں ملک و بیرونِ ملک کے عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت کے پڑوس میں ایک ایسا ملک ہے، جو عالمی دہشت گردی کا ایک مرکز ہے۔

4- روس نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت کے لیے بھارت کی دعوے داری کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔

5- کولمبو میں، بھارت نے بنگلہ دیش کو چار-ایک سے ہرا کر 17 سال سے کم عمر کے ساتویں SAFF فٹ بال کا خطاب جیت لیا ہے۔

6- اور کرکٹ میں، آج شام دبئی میں ایشیاء کپ فائنل میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------